**Provincial Disaster Management Authority**
**Khyber Pakhtunkhwa (Headquarter)**
Sector B-2 Phase-BV Hayatabad, Peshawar, Khyber akhtunkhwa
Phone: (091) 9213959, Fax: (091) 9214025
www.pdma.gov.pk

**پی ڈی ایم اے اپڈیٹس**

**مورخہ: 28اگست2026**

## موسمی انتباہ(الرٹ)

## پریس ریلیز

پشاور، 28اگست: پراونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی(پی ڈی ایم اے) خیبر پختونخوا نے صوبے کے مختلف اضلاع میں بارشوں، تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ موسلادھار بارش کے پیش نظر متعلقہ اداروں اور ضلعی انتظامیہ کو الرٹ رہنے کی ہدایت جاری کر دی ہے۔

پی ڈی ایم اے کے مطابق محکمہ موسمیات نے پیش گوئی کی ہے کہ 31 اگست سے ملک کے بالائی علاقوں میں مغربی ہواؤں کا ایک سلسلہ داخل ہو گا، جس کے باعث صوبے کے مختلف علاقوں میں بارش، تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ کہیں کہیں موسلادھار بارش کا امکان ہے۔

29اگست سے 5 ستمبر کے دوران چترال بالاوزیریں، دیر بالاوزیریں، سوات، بارسوات، شانگلہ، بونیر، ملاکنڈ، باجوڑ، کوہستان بالاوزیریں، کولائی پالس، بٹگرام، طورغر، مانسہرہ، ایبٹ آباد، ہری پور، مردان، صوابی، خیبر، مہمند، پشاور، چارسدہ، نوشہرہ، کوہاٹ، کرم، ہنگو اور اورکزئی میں بارشوں اور گرج چمک کے ساتھ تیز ہواؤں کا امکان ہے۔

اسی طرح یکم سے 4 ستمبر کے دوران کرک، بنوں، لکی مروت، ڈی آئی خان، ٹانک، شمالی وزیرستان اور جنوبی وزیرستان کے اضلاع میں بھی وقفے وقفے سے بارش کا امکان ہے۔

پی ڈی ایم اے نے خبردار کیا ہے کہ موسلادھار بارشوں کے باعث چترال، دیر، سوات، شانگلہ، بٹگرام، مانسہرہ، کوہستان اور ایبٹ آباد کے حساس علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ کا خطرہ موجود ہے، جبکہ مردان اور صوابی کے نشیبی علاقوں میں 31 اگست سے 5 ستمبر کے دوران شہری سیلاب کا خدشہ ہے۔ تیز ہواؤں اور آسمانی بجلی کے باعث کمزور تعمیرات، بجلی کے کھمبوں، بل بورڈز، سولر پینلز اور کھڑی فصلوں کو بھی نقصان پہنچنے کا امکان ہے۔

پی ڈی ایم اے نے تمام ضلعی انتظامیہ کو ہدایت کی ہے کہ وہ حساس علاقوں میں پیشگی اقدامات کو یقینی بنائیں، ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے ضروری مشینری اور عملے کی دستیابی یقینی بنائیں اور دریاؤں، ندی نالوں اور برساتی نالوں کی مسلسل نگرانی کریں۔

سیاحوں اور مسافروں سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ موسم کی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے غیر ضروری سفر سے گریز کریں، دریاؤں اور ندی نالوں کے قریب جانے سے احتیاط کریں اور انتظامیہ کی جانب سے جاری ہدایات پر عمل کریں۔ سیاحوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ شدید بارش کے دوران ٹریکنگ، ہائیکنگ اور کیمپنگ سے گریز کریں اور پانی میں ڈوبی ہوئی سڑکوں یا پلوں کو عبور کرنے کی کوشش نہ کریں۔

عوام سے بھی اپیل کی گئی ہے کہ وہ تیز بارش اور گرج چمک کے دوران محفوظ مقامات پر رہیں، بجلی کی کھلی تاروں اور برقی آلات سے دور رہیں اور بچوں کو ندی نالوں، برساتی پانی اور نشیبی علاقوں کے قریب نہ جانے دیں۔

پی ڈی ایم اے کے مطابق صوبے بھر میں صورتحال کی 24 گھنٹے نگرانی کی جارہی ہے اور تمام متعلقہ اداروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں شہری پی ڈی ایم اے کے ٹول فری ہیلپ لائن 1700 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

**ترجمان، پی ڈی ایم اے، خیبر پختونخوا**